Reg. No. ....................................

Name : ......................................

**Code No. 9042**

**Second Year – March 2018**

Time : 2 ½ Hours
Cool-off time : 15 Minutes

Part–III

# URDU (Optional)

Maximum : 80 Scores

***General Instructions to Candidates :***

- There is a 'Cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool-off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.
- Calculations, figures and graphs should be shown in the answer sheet itself.
- Give equations wherever necessary.
- Electronic devices except non-programmable calculators are not allowed in the Examination Hall.

**1 سے 3 تک کے تمام سوالوں کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے۔** **(Scores : 3 × 1 = 3)**

1. پسندیدہ کسی ایک سوانح عمری کا نام لکھیے۔

2. اردو کا سب سے پہلا ناول نگار کون مانا جاتا ہے؟

3. افسؔر میرٹھی مشہور نظم گو شاعر ہیں۔ ان کی کسی ایک کتاب کا نام لکھیے۔

**4 سے 7 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم از کم دو جملوں میں لکھیے۔ (Scores : 3 × 2 = 6)**

4. گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ کسی دو ادیبوں کے نام لکھیے۔

5. پسندیدہ کسی دو نظم گو شعراء کے نام لکھیے۔

6. نہرو اپنی تقریر میں کہتا ہے کہ ''جب تک لوگوں کی آنکھوں میں آنسو اور مصیبتیں رہیں گی تب تک ہمارا کام ختم نہیں ہوگا۔'' اس قول پر آپ کی رائے کیا ہے؟ لکھیے۔

7. یومِ ماحولیات کے تعلق سے ایک جلوس نکلنے والا ہے۔ اس کے لئے دو پلے کارڈز (Playcards) تیار کیجیے۔

**8 سے 10 تک کے تمام سوالوں کے جواب کم از کم تین جملوں میں لکھیے۔ (Scores : 3 × 3 = 9)**

8. زلیخا حسین کیرالا کی واحد اردو ناول نگار ہیں۔ ان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر طور پر لکھیے۔

9. نظم 'الامین' میں شاعر ظفر علی خان نے آن حضرتؐ کی بہت سی خوبیوں کا ذکر کیا ہے۔ پسندیدہ کوئی تین خوبیاں لکھیے۔

10. 'ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے۔' شاعر بیان کرتا ہے کہ انسان کی خواہشوں کو پورا کرنا بہت مشکل ہے۔ اپنی چند خواہشیں لکھیے۔

**11 سے 16 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم از کم پانچ جملوں میں لکھیے۔**

**(Scores : 5 × 5 = 25)**

11. حکایت 'عجمی غلام' میں بادشاہ کے حکم پر لوگوں نے غلام کو دریا میں پھینک دیا۔ راجا کی جگہ آپ ہیں تو آپ کیا کریں گے؟ لکھیے۔

12. سوؔدا، ذوقؔ، غالبؔ وغیرہ اردو کے مشہور قصیدہ گو شعراء ہیں۔ کسی ایک کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔

13. غزل اردو زبان کی آبرو ہے۔ غزل کی چند خصوصیات لکھیے۔

14. آپ نے میسور، اُوٹی، کوڈا یکنال جیسے تفریحی مقامات دیکھے ہوں گے۔ کسی ایک تفریحی مقام کے بارے میں لکھیے۔

15. ابن بطوطہ نے اپنے سفرنامہ میں سیاہ مرچی کا بیان کس طرح کیا ہے؟ لکھیے۔

16. ہندوستان میں آج کل بے روزگاری (Unemployment) بڑھ رہی ہے۔ یہ بیان کرتے ہوئے وزیرِ اعظم کے نام ایک خط لکھیے۔

**17 سے 22 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم از کم چھ جملوں میں لکھیے۔**

**(Scores : 5 × 6 = 30)**

17. انشائیہ 'مچھر' کے ذریعے انسان کو کیا کیا نصیحتیں دی گئی ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

18. اس رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

ہر وقت زمانے کا ستم سہتے ہیں
حاسد جو برا کہے تو چپ رہتے ہیں
اچھے تو بروں کو بھی کہتے ہیں نیک
جو بد ہیں وہ اچھوں کو برا کہتے ہیں

19. ''ٹکنولوجی کی ترقی کے ساتھ فطرت کی بربادی ہو رہی ہے۔'' کیا آپ اس رائے سے متّفق ہیں ؟ اپنے خیالات لکھیے۔

20. سماج میں ہماری بہت سی ذمّہ داریاں ہیں۔ طلباً اور سماجی خدمات کے موضوع پر ایک نوٹ تیار کیجیے۔

21. یہ دیش کہ ہندو مسلم تہذیبوں کا شیرازہ ہے
صدیوں پرانی بات ہے یہ، پر آج بھی کتنی تازہ ہے
موجودہ حالات کے مدِّنظر اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

22. نظم 'عجیب آدمی تھا وہ' کا پیغام کیا ہے ؟ لکھیے۔

**سوال 23 اور 24 میں سے کسی 1 کا جواب کم از کم سات جملوں میں لکھیے۔** **(Scores : 1 × 7 = 7)**

23. سبق 'غالبؔ کی شخصیت' میں غالبؔ کے بہت سے لطیفے بیان کئے گئے ہیں۔ ان میں سے چند لطیفے اپنے الفاظ میں لکھیے۔

24. 'ماحولیات کی حفاظت میں شجرکاری کی بڑی اہمیت ہے۔' اس موضوع پر تقریر کرنے کا موقع ملے تو آپ کیا بتائیں گے ؟ ایک نوٹ لکھیے۔

---